How can transport shape a more peaceful Leeds?

INFUZE

in-fuze.org.uk

انفیوزINFUZE ایک جدید دلچسپ تعاون ہے جو کام کر رہا ہے یہ جاننے کے لئے کہ مستقبل کے کونسے نظامِ آمد ورفت لیڈز Leeds کے عوام ومقامات کے لئے بہتر کام کرسکتے ہیں. ہمیں معلوم ہے کہ اگر ہم ایسے ہی چلتے رہے توٹریفک جام مزید بدتر ہو جائیں گے اور ہماری سڑکوں پر رش میں اضافہ ہو جائے گا. ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ اس وقت بہت سے لوگوں کے لیے ایسے ذرائع آمد ورفت ڈھونڈنا مشکل ہے جو اجتماعی طور پر قابلِ اعتماد، مناسب قیمت، موافق اور اچھے ہوں.

لیڈزLeeds اور لانکاسٹرLancaster کی جامعات اور رائل کالج آف آرٹRoyal College of Arts کے ماہرین کے ساتھ مل کر انفیوز مستقبل کے نظامِ آمد ورفت کی تشکیل کرنے کے بہتر طریقے ایجاد کر رہا ہے، تاکہ لوگ جب اور جدھر بھی جانا چاہیں بغیر گاڑی کی ملکیت کے بھی جا سکیں. ہم شہریوں کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں ایک ایسے مستقبل کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے جو کہ زیادہ منصفانہ اور ہم آہنگ ہو، جس میں لوگوں کے پاس زیادہ جگہ ہو اور ہمارے ماحولیاتی عزائم پر پورا اترتا ہو

انفیوزINFUZE نے ستمبر 2024 میں ایک تحریک کا آغاز کیا جس میں 500 سے زائد لیڈز کے رہائشیوں نے شرکت کی. انہوں نے مارچ 2024 میں لیڈز شہر کے عجائب گھر میں دو تخلیقی اسمبلیاں منعقد کیں. چار مختلف اسکولوں میں بشمول کار مانرCarr Manor میں دسویں جماعت کے طلبا کے لئے ڈیزائن اسپرنٹس کا اہتمام کیا. دس گھرانوں کے ساتھ گاڑی کی شراکت داری کا تجربہ بھی کیا. اس کے علاوہ آمد ورفت کے مستقبل کو سنوارنے کے لئے ہم لیڈز Leeds کے متنوع شہریوں سے جو کچھ بھی سیکھ رہے ہیں اس کو استعمال کر کے ایک شمولیاتی ٹولکٹParticapatory Toolkit کی بھی تشکیل کریں گے

شرکاء کے ساتھ جن میں کئی کاروبار، مقامی اور آمد ورفت کی انتظامیہ شامل ہیں، ہمیں یقین ہے کہ آمد ورفت کا ایک روشن مستقبل ممکن ہے. کیا آپ اس تحریک کا حصہ بننا چاہتے ہیں؟

UKRI Engineering and Physical Sciences Research Council

Royal College of Art

Lancaster University

UNIVERSITY OF LEEDS